سبق:3

نعت

جس پر رسولِ پاک ﷺ کا احسان ہوگیا
خوش بخت ہے وہ شاہدِ ایمان ہوگیا

جس نے بھی پیروی کی رسولِ انام ﷺ کی
ہر کام اس کا دَہر میں آسان ہوگیا

اعمالِ خیر کا مجھے اپنے پتہ نہیں
ذکرِ نبی ﷺ نجات کا سامان ہوگیا

دل میں نظر میں شوق ہے طیبہ کی دِید کا
طیبہ کو دیکھنے کا بھی سامان ہوگیا

آلامِ زندگی سے نہ گھبراؤ تم کلیم
تم پر رسولِ پاک ﷺ کا احسان ہوگیا

نثار احمد کلیم

Scanned with CamScanner

I. الفاظ و معانی:

شاہد	:	گواہ
پیروی	:	تقلید، اطاعت، کسی کے قدم بہ قدم ساتھ چلنا
دَہر	:	زمانہ، دنیا
نجات	:	رہائی، چھٹکارا
انام	:	خلقت، لوگ
دِید	:	نگاہ، نظر، دیکھنا
شوق	:	خواہش، آرزو، تمنا

II. مرکب الفاظ:

خوش بخت	=	اچھی قسمت والا
ذکرِ نبی	=	نبی کا ذکر
آلامِ زندگی	=	زندگی کے غم، مصیبتیں
شاہدِ ایمان	=	ایمان کا گواہ
اعمالِ خیر	=	بھلے کام یعنی اچھے کام

III. ان کی جمع لکھیے:

عمل، ذکر، نبی، الم

Scanned with CamScanner